**نوٹ:** ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

15

سوال نمبر 1:

1- وہ اسم جو نہ خود کسی اسم سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا اسم بنے:
(A) اسم مصدر (B) اسم جامد (C) اسم مشتق (D) اسم معاوضہ

2- بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی قسمیں ہیں:
(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

3- ''رستم زماں'' قواعد کی رُو سے ہے:
(A) لقب (B) تخلص (C) کنیت (D) خطاب

4- درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے:
(A) مُسَافِرْ (B) مُسَافَرْ (C) مَسَافَرْ (D) مُسَافُر

5- درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے:
(A) تَعَاوُن (B) تَعَاوَن (C) تِعَاوُن (D) تُعَاوُن

6- دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے؟
(A) کج ادا سے (B) دل ربا سے
(C) خوش ادا سے (D) مل کے جو بھی نہیں ملتا

7- شاعر نے پھولوں کو رنگ برنگے پھولوں سے بھی کہا ہے: (A) نوکری (B) پھلواری (C) دلکش کھیتی (D) نگری

8- شاعر علامہ محمد اقبالؒ نے فاطمہ کو حور کہا ہے:
(A) ارضی (B) آسمانی (C) صحرائی (D) جنت

9- مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ کتنے سال بعد اُٹھایا؟
(A) پانچ سال (B) سات سال (C) آٹھ سال (D) نو سال

10- نظم ''بہادر بچے'' کے شاعر کا نام ہے:
(A) حسین کوہانی (B) ناصر بشیر (C) ادا جعفری (D) علامہ محمد اقبالؒ

11- مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے؟
(A) دہلی میں (B) علی گڑھ میں (C) آگرہ میں (D) سکندر آباد میں

12- علی بخش کو زمین کہاں دی گئی تھی؟
(A) جھنگ (B) لاہور (C) شیخوپورہ (D) لائل پور

13- مصنف کے دوست شاکر خان کس موضع کے رئیس تھے؟ (A) سلیم پور (B) جے پور (C) شاہ پور (D) دُنیا پور

14- مسلم لیگ کس نے قائم کی؟
(A) سرسید احمد خان (B) نواب محسن الملک (C) قائداعظمؒ (D) نواب وقار الملک

15- مرزا محمد سعید کی کتاب ''مذہب اور باطنیت'' کس شہر سے شائع ہوئی؟
(A) علی گڑھ (B) لاہور (C) دہلی (D) کراچی

eduvision.edu.pk

# بہاولپور بورڈ 2019ء (پہلا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) __________ رول نمبر (لفظوں میں) __________ دستخط نائب ناظم امتحان: __________

وقت: 2:10 گھنٹے **انشائی طرز (حصہ اول)** کل نمبر: 60

**سوال نمبر 2: درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے):** 10

**﴿حصہ نظم﴾**

(i) بشر کو فطرت اسلام پر پیدا کیا جس نے — محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے

(ii) رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے! — ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

(iii) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(iv) میاں شتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے — مجھے خوشی ہے کہ تم آ گئے پہاڑ تلے

**﴿حصہ غزل﴾**

(v) آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا — آج ہی خاطر بیمار شکیبا بھی نہیں

(vi) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vii) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

**(حصہ دوم)**

**سوال نمبر 3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:** 5 ، 5

(ل) امی جان نے جانے کب سے تین روپے جوڑ رکھے تھے، سو نکال کر دیے کہ تم عقیل کو ساتھ لے کر چلی جاؤ۔ عقیل بچہ ہی سہی لیکن ہے تو لڑکا۔ بس یہی اُن کی بات تو مجھے زہر معلوم ہوتی ہے۔ جانے وہ لڑکیوں کو کیا سمجھتی ہیں۔ میں نے اُن سے پوچھا کہ میں کیا کوئی لڈو پیڑا ہوں، جو کوئی کھالے گا اور عقیل کو دیکھ کر ڈر کے مارے اُگل دے گا۔

(ب) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں: جوش ایمانی، حق گوئی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے کراں محبت و عقیدت۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا ایک مرتبہ و مقام یہ ہے کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے میزبان رہے ہیں۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تو ہر شخص چاہتا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قیام اس کے یہاں ہو، لیکن کارکنان قضا و قدر نے اس شرف کے لئے جس گھر کو دیکھا وہ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا کاشانہ تھا۔

eduvision.edu.pk

**سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 10

(i) مرزا محمد سعید کا حلیہ بیان کیجیے۔

(ii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

(iii) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(iv) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(v) ادا جعفری کے مطابق دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق ہے؟

(vi) تازہ انجم کے ظہور کا مفہوم واضح کیجیے۔

(vii) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟

(viii) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

**سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (i) نظریہ پاکستان (ii) نام دیو مالی 5

**سوال نمبر 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) قائداعظم محمد علی جناح (ii) عیدین (iii) شہری زندگی کے مسائل 15

**سوال نمبر 7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا۔ پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات: (i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(iv) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا۔ (v) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیں۔

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

15

سوال نمبر 1:

1- محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟
(A) ڈاکٹر تاثیر (B) پطرس بخاری (C) فیض احمد فیض (D) حمید احمد خان

2- قدرت اللہ شہاب کس ضلع کے ڈپٹی کمشنر رہے؟
(A) لائل پور (B) شیخوپورہ (C) جھنگ (D) لاہور

3- لڑکی نے ریل کا سفر کرنے کے لیے کس کلاس کا ٹکٹ خریدا؟
(A) فرسٹ کلاس (B) سیکنڈ کلاس (C) انٹر کلاس (D) تھرڈ کلاس

4- سیدانی بی کو کھانے میں کیا مرغوب تھا؟
(A) زردہ (B) بونٹ پلاؤ (C) بریانی (D) کھیر

5- استنبول شہر ہے:
(A) سعودی عرب کا (B) ترکی کا (C) ایران کا (D) عراق کا

6- کس شاعر کو ''مزدور شاعر'' کہا جاتا ہے؟
(A) حبیب جالب (B) جالب اکبر آبادی (C) الطاف حسین حالی (D) احسان دانش

7- بندوق کو شکست دی جا سکتی ہے:
(A) میزائل کی طاقت سے (B) انسانی طاقت سے
(C) روپے کی طاقت سے (D) علم کی طاقت سے

8- مرزا غالب کو تفتہ کا خط کہاں سے آتا تھا؟
(A) کلکتہ (B) سکندر آباد (C) کول (D) آگرہ

9- نظم ''میدان کربلا میں گرمی کی شدت'' صنف سخن کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) آزاد نظم (B) قصیدہ (C) شہر آشوب (D) مرثیہ

10- لفظ ''جلوس'' کا درست تلفظ ہے:
(A) جُلُوس (B) جَلُوس (C) جِنلُوس (D) جَلَوس

11- ماضی مطلق کے آخر میں ''ہوگا'' لگا دینے سے بن جاتا ہے:
(A) ماضی بعید (B) ماضی تمنائی (C) ماضی شکیہ (D) ماضی استمراری

12- اُردو میں ''قید آزادی'' کہا گیا ہے:
(A) قید بامشقت کو (B) شادی خانہ آبادی کو
(C) جرم کی سزا کو (D) آزادی کے خاتمے کو

13- ''مٹھو'' قواعد کی رُو سے ہے:
(A) خطاب (B) لقب (C) کنیت (D) عرف

14- ''چٹان'' قواعد کی رُو سے ہے:
(A) اسم جامد (B) اسم ظرف زماں (C) اسم آلہ (D) اسم صوت

15- لفظ ''تلاوت'' کا درست تلفظ ہے:
(A) تِلَاوَت (B) تِلَاوُت (C) تَلَاوَت (D) تَلَاوِت

eduvision.edu.pk

## بہاولپور بورڈ 2019ء (دوسرا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط نائب ناظم امتحان: ________

وقت: 2:10 گھنٹے

## انشائی طرز (حصہ اول)

کل نمبر: 60

سوال نمبر2: درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

### ﴿حصہ نظم﴾

(i) اُصولِ محبت ہے، پیغام جس کا — وہ محبوبِ ﷺ پروردگار آ گیا ہے

(ii) جن کی تابانی میں اندازِ کُہن بھی، نَو بھی ہے — اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتَو بھی ہے

(iii) مہکی مہکی روشن روشن پیاری پیاری نیاری — رنگ برنگے پھولوں سے اک سجی ہوئی پھلواری

(iv) نیا یہ آج کے پرچے نے گل کھلایا ہے — کہ سہرا باندھ کے اک اونٹ بلبلایا ہے

### ﴿حصہ غزل﴾

(v) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

(vi) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صر صر، صبا ہوگئی ہے

(vii) کاروبار جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

## (حصہ دوم)

سوال نمبر3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5، 5

(الف) 1885ء میں ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد ڈالی اور ظاہر یہ کیا کہ وہ ملک کی تمام قوموں کو اُن کے حقوق دلوائیں گے لیکن بعد میں پتا چلا کہ وہ صرف اپنے حقوق کا تحفظ چاہتے ہیں۔ انھوں نے مسلمانوں کو اُن کے کاروبار سے محروم کرنے کی کوشش کی اور وہ سرکاری ملازمتوں پر بھی قابض ہوگئے۔ نیز انھوں نے مسلمانوں کی مشترکہ زبان اُردو کے مقابلے میں ہندی کو قائم کر دیا۔

(ب) وہ دُور دُور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اٹھا کر لاتا اور پودوں کو سینچتا۔ یہ وہ وقت تھا کہ قحط نے لوگوں کے اوسان خطا کر رکھے تھے اور انھیں پینے کو پانی مشکل سے میسر آتا تھا، مگر یہ خدا کا بندہ کہیں نہ کہیں سے لے ہی آتا اور اپنے پودوں کی پیاس بجھاتا۔ جب پانی کی قلت اور بڑھی تو اس نے راتوں کو بھی پانی ڈھونڈ ڈھونڈ کر لانا شروع کیا۔ یوں سمجھیے کہ آدھا پانی اور آدھی کیچڑ ہوتی تھی۔ لیکن یہی گدلا پانی پودوں کے حق میں آبِ حیات تھا۔

(ب) سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) شُدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟

(ii) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

(iii) مرزا غالب نے میر مہدی مجروح کو خط بیرنگ کیوں بھیجا؟

(iv) شاعر نے سر کا درد بڑھنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟

(v) مال گودام روڈ پر گھوڑوں پر کیا بیتی؟ تحریر کیجیے۔

(vi) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟

(vii) شاعر (حسرت موہانی) منزلِ مقصود پر پہنچنے کے لیے پُراُمید ہے کیوں؟

(viii) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کو کیسے اور کہاں دفن کیا گیا؟

سوال نمبر5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) چغل خور 5

سوال نمبر6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (i) وقت کی پابندی (ii) تحریکِ پاکستان (iii) یومِ آزادی 15

سوال نمبر7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اُچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتۂ شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دُور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

سوالات:

(i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

(ii) تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

(iv) دُور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

eduvision.edu.pk